علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ سوشیالوجی)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفیکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

6 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ	3 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ
مشق نمبر1	10-06-2026	--	--
مشق نمبر2	06-07-2026	مشق نمبر1	06-07-2026
مشق نمبر3	31-07-2026	--	--
مشق نمبر4	20-08-2026	مشق نمبر2	20-08-2026
نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے			

کورس: آبادی اور ترقی (465)　　　　سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی اے　　　　کریڈٹ: 6

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

امتحانی مشق نمبر ا

(یونٹ:ا تا۴)

سوال نمبر1: زرعی معیشت سے کیا مراد ہے؟ زرعی معیشت اور بڑے کنبے کے مابین تعلق کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر2: شہر بندی سے کیا مراد ہے؟ یہ کیوں ضروری ہوتی ہے؟ بصورت دیگر کیا کیا نقصانات ہو سکتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر3: گذشتہ 78 سال کے دوران پاکستان کی حیثیت میں کیا کیا تبدیلیاں آئی ہیں؟ (20)

سوال نمبر4: قدرتی وسائل کی مختلف اقسام کی فہرست مرتب کریں نیز ان کی ملکی صورت حال پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5: مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیں۔

1. ٹیکنالوجی ٹرانسفر (10)
2. معاشی منصوبہ بندی کی اہمیت (10)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

امتحانی مشق نمبر ۲

(یونٹ ۵ تا ۹)

سوال نمبر1: "اگر آبادی میں اضافے کی موجودہ صورت حال برقرار رہی تو ہم اپنے تعلیمی مسائل بحیثیت قوم حل نہیں کر پائیں گے"۔ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر2: پاکستان میں تعلیم یافتہ طبقے اور غیر تعلیم یافتہ طبقے کی بے روزگاری کی موجودہ صورت حال کا جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر3: تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی، موسمیاتی تبدیلیاں اور غذائی صورت حال پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4: جدید ٹیکنالوجی کا زراعت اور خوراک پر اثرات کا جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر5: مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیں۔

1. پاکستان میں صحت کے لیے بنیادی سہولتوں کی صورت حال (10)
2. پاکستان میں بلند شرح پیدائش اور اثرات (10)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

امتحانی مشق نمبر ۳

(یونٹ ۱۰ تا ۱۳)

سوال نمبر1: کچی آبادی سے کیا مراد ہے؟ کچی آبادیوں کو نظر انداز کرنے کے کیا نقصانات ہوتے ہیں؟ بہتری کے لیے تجاویز دیں۔ (20)

سوال نمبر2: توانائی کی اہمیت بیان کریں نیز توانائی کی ضرورت میں اضافے کا سبب بننے والے عوامل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3: خواتین کی صحت، تعلیم اور روزگار پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4: منصوبہ بندی کسے کہتے ہیں؟ دیہی ترقی کے لیے منصوبہ بندی کی کیا اہمیت وضرورت ہے؟ (20)

سوال نمبر5: مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیں۔

1. بہترین ہاوسنگ کے بغیر ترقی کا تصور نامکمل ہے۔ (10)
2. خواتین کے لیے محفوظ روزگار کی اہمیت وضرورت (10)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

امتحانی مشق نمبر 4

(یونٹ:۱۴تا۱۸)

سوال نمبر1: 2025 کی سیلابی صورت حال کو سامنے رکھتے ہوئے "شہری آبادیاں اور انتظامی پالیسی" پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر2: پاکستان میں ٹرانسپورٹیشن اور کمیونی کیشن کی موجودہ صورت حال اور مستقبل کے بارے میں وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر3: پاکستان کی پاپولیشن پالیسی اور مختلف سماجی پروگرام پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4: بہبود آبادی کا مفہوم بیان کریں نیز کسی ملک میں بہبود آبادی کی ضرورت کب اور کیوں محسوس کی جاتی ہے؟ (20)

سوال نمبر5: مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیں۔

1. پاکستان میں معلومات، تعلیم اور ابلاغ پروگرام کی ضرورت واہمیت (10)
2. بہبود آبادی کے قانونی پہلو (10)